© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

تبصرے کے لئے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

**کتاب الدعاء والاستغفار** :مؤلف: رشید اللہ یعقوب، ناشر: رحمتہ للعالمین ریسرچ سینٹر کلفٹن، صفحات:208، سائز:23x36/16، قیمت: درج نہیں۔

زیر تبصرہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ادعیہ واستغفار پر مشتمل ایک حسین مجموعہ ہے، جو جناب رشید اللہ یعقوب صاحب کی عمدہ کاوش ہے، اللہ تعالیٰ نے انہیں، باوجود اس کے کہ وہ نہ عالم ہیں نہ عربی دان، نہ مفسر ہیں نہ محدث اور نہ فقیہ، ادعیہ واذکار کو مختلف انداز سے جمع کرنے کا خصوصی ذوق عطا فرمایا ہے۔ زیر نظر کتاب بھی انہوں نے جدید ذوق مطالعہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے اردو داں طبقہ کے لئے آسان وسہل انداز میں پیش کی۔ یہ کتاب جو تقریباً اٹھاسی کتب کی ورق گردانی کا نچوڑ ہے، کل نو ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول میں دعا کی فضیلت وآداب، قبولیت دعا کے اوقات وحالات اور شرائط جیسے اہم مضامین مذکور ہیں۔ باب دوم ''ربّنا '' یا ''ربِّ'' سے شروع ہونے والی قرآنی ادعیہ، باب سوم ''اللھم اغفرلي '' اور ''اللھم اني استغفرک '' سے شروع ہونے والی ادعیہ، باب چہارم ''اللھم اني اسالک '' سے شروع ہونے والی ادعیہ، باب پنجم میں ''اللھم اني اعوذ بک '' سے شروع ہونے والی ادعیہ، باب ششم میں ''اللھم اجعلني ''، باب ہفتم میں ''اللھم'' اور باب ہشتم میں ''درود وسلام'' کے صیغوں پر مشتمل ہے، ہر باب میں دعاؤں کی تعداد چالیس ہے۔ جب کہ باب نہم میں ''صلاۃ التسبیح '' کا طریقہ اور اس کی فضیلت کا بیان ہے۔ اس کتاب کو منزل کے طور پر بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ کتنی بڑی سعادت کی بات ہے اگر مسلمان کی زبان سے وہ تمام ضروری ادعیہ ہر ہفتے ادا ہو جائیں جو سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے مختلف مواقع واوقات میں درد وسوز میں ڈوب کر نکلی ہیں۔ یہ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن ہے، جس میں چار نئے ابواب کا اضافہ کیا گیا ہے۔ کتاب کارڈ ٹائٹل کے ساتھ، بہترین کمپوزنگ اور عمدہ سیٹنگ کے ساتھ آرٹ پیپر میں چھپی ہے۔

**فتح الوقایۃ لحلّ شرح الوقایۃ** :مؤلف: مولانا آفتاب علی، ناشر: مکتبہ دار الفلاح، صفحات (جلد اول):312، (جلد ثانی):312، سائز:20x30/8، قیمت: درج نہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

''شرح الوقایہ'' فقہ حنفی کی مستند، مشہور اور متداول کتاب ہے، جو صدر الشریعہ عبید اللہ بن مسعود ابن تاج الشریعہؒ کی تالیف ہے، اس کی ابتدائی دو جلدیں (اولین) کئی سالوں سے وفاق کے نصاب میں داخل تھیں، مگر چند سال ہوئے اب ترمیم کرتے ہوئے اس کی آخری دو جلدوں (اخیرین) کو داخل نصاب کر دیا گیا ہے۔ جو اولین کے مقابلہ میں نسبتاً کافی مغلق ہیں، حتیٰ کہ اغلاق و پیچیدگی میں اسے ہدایہ کے ہم پلہ قرار دیا جاتا ہے۔ اس کے اغلاق کی ایک وجہ تو اس کے متن کا از حد اختصار ہے، دوسری وجہ ہمارے نزدیک متعدد مقامات پر وہ مخدوش عبارات ہیں جن میں ظن غالب یہ ہے کہ اصل مخطوطہ سے نقل کے دوران حیقظ و تو قد کے تقاضے پورے نہیں کئے گئے، جس کی وجہ سے عبارات ناقص نقل کی گئی ہیں، اس کتاب پر کرنے کا سب سے پہلا اور اہم کام یہی ہے کہ اس کے اصل مخطوطے تلاش کر کے اس کا اغلاط سے پاک بہترین نسخہ چھاپا جائے۔

غرض کتاب کے یہ آخری دو حصے چونکہ مغلق ہیں اس لئے اساتذہ وطلبہ کی سہولت کی خاطر اس کی کئی شروح اب تک لکھی جا چکی ہیں، زیر تبصرہ کتاب اس کی نئی اردو شرح ہے، ٹائٹل پر شرح کی یہ خصوصیات لکھی گئی ہیں: ''ترجمہ، حل عبارت مع الترکیب، فوائد قیود، تشریح، اعتراض شارح کے جوابات، فقہی اصطلاحات کی وضاحت، کتب فقہ کے حوالہ جات، شارح کے تسامح کا ذکر، احناف کے اختلافی مسائل میں راجح قول کی تعیین، امہات کتب یعنی شامی، فتح القدیر، عنایہ اور البحر الرائق سے استفادہ''۔

عبارت کی تشریح میں فاضل شارح کا اسلوب عام فہم اور مدرسانہ ہے، امید ہے مدرسین وطلبہ میں یہ شرح پسندیدگی کی نظر سے دیکھی جائے گی۔ کتاب کی طباعت، کمپوزنگ، سیٹنگ اور کاغذ مناسب ہے۔

**آیات ختم نبوت** : مؤلف: مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم، ناشر: جامعۃ الطیبات للبنات الصالحات، صفحات: 912، سائز: 23x36/16، قیمت: درج نہیں۔

''ختم نبوت'' کے دفاع اور ''فتنہ قادیانیت'' کے رد میں اب تک بلا مبالغہ سینکڑوں چھوٹی بڑی کتب لکھی گئی ہیں، زیر نظر کتاب بھی اسی سنہری سلسلے کی ایک مضبوط کڑی ہے، جو مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ اور جامعہ ام القری مکہ مکرمہ کے فاضل مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم کی عمدہ کاوش ہے۔ اس کتاب میں فاضل مؤلف نے قرآن کریم کی سینکڑوں آیات کریمہ سے ختم نبوت کا عقیدہ ثابت کیا ہے، مؤلف کا طرز استدلال انتہائی دلچسپ اور دل موہ لینے والا ہے۔ کتاب کے آخر میں ختم نبوت کے موضوع پر عربی اور انگریزی زبان میں تقاریر بھی دی گئی ہیں، جن میں بیس کے قریب قرآنی آیات، چالیس کے قریب احادیث مبارکہ ہیں اور سیرت نبویہ سے ایسے شواہد دیئے گئے ہیں جو ختم نبوت پر دلالت کرتے ہیں۔

غرض یہ کتاب دلچسپ بھی ہے اور مفید بھی، فتنہ قادیانیت کے دجل وفریب سے نئی نسل کو آگاہ کرنے کے لئے


© rasailojaraid.com